فوری ریلیز کے لیے: 4/11/2022 گورنر **KATHY HOCHUL**

## گورنر HOCHUL نے نیویارک کا پہلا ماسٹر پلان برائے عمر رسیدگی تخلیق کرنے کے انتظامی حکم پر دستخط کیے ہیں

***نیویارک کے بزرگ باشندگان کے دن کے موقع پر، انتظامی حکم جامع ماسٹر پلان برائے عمر رسیدگی کا مطالبہ کرتا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ نیویارک کے عمر رسیدہ باشندے عمر رسیدگی کی جانب جاتے ہوئے وقار اور خود مختاری کے ساتھ اچھی صحت کی حامل بھر پور زندگیاں جی سکیں***

***ماسٹر پلان برائے عمر رسیدگی کی کونسل کی سربراہی کرنے والے محکمۂ صحت اور دفتر برائے عمر رسیدگی نے؛ اسٹیک ہولڈر مشاورتی کمیٹی (Stakeholder Advisory Committee) کا انعقاد کیا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست کا پہلا ماسٹر پلان برائے عمر رسیدگی تخلیق کرنے کے لیے ایک انتظامی حکم پر دستخط کیے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ نیویارک کے عمر رسیدہ باشندے عمر رسیدگی کی جانب جاتے ہوئے وقار اور خود مختاری کے ساتھ صحت کی حامل، بھرپور زندگیاں جی سکیں۔ نیویارک کے بزرگ باشندگان کے دن پر دستخط کردہ، انتظامی حکم ریاستی محکمۂ صحت کے کمشنر اور ریاستی دفتر برائے عمر رسیدگی کے ڈائریکٹر کو ماسٹر پلان برائے عمر رسیدگی کی کونسل کی سربراہی کرنے کی ہدایت دیتا ہے، جو اس کے بعد رہنمائی کا مسودہ تیار کرنے کے لیے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے رائے جمع کرے گی، تاکہ ایسی صحت مند، قابل گزربسر کمیونٹیز تعمیر کی جا سکیں کہ جو بزرگ بالغان کے لیے مواقع فراہم کرتی ہوں۔

"ملک کی پہلی عمری موافق ریاست کے طور پر، ہم نیویارک کے بزرگ باشندوں کو بااختیار بنانے اور ان کی معاونت کرنے کے لیے تاحال اہم اقدامات اٹھا رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ ماسٹر پلان برائے عمر رسیدگی ہمیں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ٹولز فراہم کرے گا کہ نیویارک کے ہمارے عمر رسیدہ باشندوں کو ایسی صحت مند، قابل گزربسر کمیونٹیز میں طویل مدتی معیاری نگہداشت تک رسائی حاصل ہو جہاں وہ پُرسکون زندگی گزار سکیں۔"

گورنر Hochul کا انتظامی حکم نیویارک کے باشندوں کی تمام تر نسلوں کے عمر رسیدگی کی جانب جانے کے ساتھ ان کی سماجی معاشی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے جامع لائحہ عمل مرتب کرنے کی جانب پہلا قدم ہے۔ ریاست نیویارک کے باضابطہ طور پر مملکت کی پہلی AARP عمری موافق ریاست کا منصب حاصل کرنے کی حیثیت پر قائم ہونے والا، ماسٹر پلان برائے عمر رسیدگی بزرگ بالغان اور ان کے خاندانوں کے لیے موجودہ اور نئی ریاستی پالیسی اور پروگرامز کو مربوط کرنے میں مدد دے گا، جبکہ زیادہ لوگوں کی وقار اور خودمختاری کے ساتھ عمر رسیدگی کی جانب جانے کی صلاحیت کو بڑھانے کے بنیادی مقصد کے ساتھ مواصلات، ہم آہنگی، نگہداشت کی فراہمی، طویل مدتی نگہداشت کی فنانسنگ اور اختراعی نگہداشت کے ماڈلز سے متعلقہ چیلنجز سے بھی نمٹے گا۔

انتظامی حکم پر نیویارک کے ریاستی دفتر برائے عمر رسیدگی کی جانب سے سالانہ نیویارک کے بزرگ باشندگان کے دن کی تقریب سے پیشتر دستخط کیے گئے تھے، جو ریاست بھر کے بزرگ بالغان کی رضاکارانہ خدمات کی تعظیم کا اظہار ہے۔ آج دن 1 بجے شروع ہونے والی، اس سال کی ورچوئل تقریب، صحت اور انسانی خدمات کی تنظیموں یا دیگر غیر منافع بخش تنظیموں کی جانب سے، اور نیک دلی کے اقدامات کی وساطت سے، ریاست بھر میں 94 بزرگ

بالغان کو شہری تنظیموں، خیراتی اداروں کے ذریعے، اسکولوں یا لائبریریوں میں ان کے منفرد کرداروں کے لیے تعظیم کرے گی۔

ہیلتھ کمشنر Dr. Mary Bassett یا ان کی جانب سے نامزد کردہ فرد ماسٹر پلان برائے عمر رسیدہ کونسل کی صدارت کریں گے، دفتر برائے عمر رسیدگی کے ڈائریکٹر Greg Olsen نائب صدر کے طور پر کام کریں گے، اور متعلقہ ریاستی ایجنسی کے کمشنرز اور ڈائریکٹرز اس کی رکنیت کے طور پر کام کریں گے۔ اس کے بعد کونسل اسٹیک ہولڈر کمیٹی تشکیل دے گی، جس میں دیگر میں سے نگہداشت صحت کے ممبران اور معاونتی سروس فراہم کنندگان؛ صارفین؛ غیر رسمی نگہداشت کنندگان؛ بزرگ بالغان - خاص طور پر وہ جن کو کمیونٹیز میں تفاوت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے؛ منصوبہ صحت کی کمپنیز، لیبر اور کمیونٹی پر مبنی تنظیمیں، آجرین، ماہرینِ عمر رسیدگی، اور تعلیمی محققین شامل ہوں گے۔

اس سال کے شروع میں، محکمہ صحت کے شعبے نے دفتر برائے عمر رسیدگی اور طویل مدتی نگہداشت قائم کیا تاکہ نیویارک کے ایسے بزرگ باشندوں اور معذوریوں کے حامل افراد کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے پالیسیاں اور پروگرام تیار کیے جا سکیں جنہیں طویل مدتی نگہداشت کی سروسز اور معاونت درکار ہو۔ جولائی میں قائم کیا گیا یہ نیا دفتر، دفتر برائے ہیلتھ انشورنس پروگرامز (Office of Health Insurance Programs)، دفتر برائے بنیادی نگہداشت اور ہیلتھ سسٹمز مینجمنٹ (Office of Primary Care and Health Systems Management)، اور ریاستی دفتر برائے عمر رسیدگی (state Office for Aging) کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے تاکہ نیویارک کے عمر رسیدہ باشندوں سے متعلق محکمہ صحت کی سرگرمیوں کو ہم آہنگ کر سکے۔

**نیویارک ریاستی محکمہ برائے صحت کی کمشنر Dr. Mary T. Bassett نے کہا،** "ریاست نیویارک کی طویل مدتی نگہداشتی سروسز اور معاونتوں کے وسیع سلسلے کی حمایت کرنے کی ایک طویل تاریخ ہے، اور میں گورنر Hochul کے اس عمل کو سراہنا چاہتی ہوں کہ ریاست کے پہلے ماسٹر پلان برائے عمر رسیدگی کی تشکیل سے اس میراث کو تقویت دی جا رہی ہے۔ گورنر Hochul کے طویل مدتی نگہداشتی نظام کے اس نظریے کی جانب سے ہمارے محکمہ کے حال ہی میں تشکیل دیئے گئے دفتر برائے عمر رسیدگی اور طویل مدتی نگہداشت کے کام کی رہنمائی کی جائے گی کہ جو قابل رسائی، موثر اور معقول ہے، ایسا نظام جو ہر ایک خدمت کردہ فرد کی منفرد ضروریات اور توقعات کو تسلیم کرے گا۔"

**نیویارک کے ریاستی دفتر برائے عمر رسیدگی کے ڈائریکٹر Greg Olsen نے کہا،** "یہ ماسٹر پلان ایک مضبوط بنیاد پر استوار ہے جو پہلے سے ہی ریاستی ایجنسیز کو ایک مشترکہ کوشش سے اکٹھا کر رہا ہے تاکہ بزرگ بالغان اور ان کے خاندانوں کو مواقع اور معاونتیں فراہم کی جا سکیں۔ گورنر Hochul کی قیادت میں، یہ مضبوط، ملٹی سسٹمز ردعمل متعدد میدان عمل، نگہداشت صحت سے لے کر آمدورفت تک، سستی ہاؤسنگ سے لے کر کمیونٹی کی ترقی تک، اور صحت کے سماجی تعین کاروں میں نتائج حاصل کر رہا ہے، جس میں زیادہ لاگتی سروسز کی روک تھام پر زور دیا جاتا ہے۔ نیویارک ریاستی دفتر برائے عمر رسیدگی کو کمیونٹی میں نیویارک کے بزرگ بالغان کی جانب سے کام کے کئی سالہ تجربے کی بنیاد پر اس کام کو مل کر کرنے کی منظم کوشش میں محکمہ صحت، پارٹنر ایجنسیز اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ شامل ہونے پر فخر ہے۔"

**نیویارک ریاستی محکمہ برائے صحت کے ڈپٹی کمشنر برائے عمر رسیدگی اور طویل مدتی نگہداشت Adam Herbst نے کہا،** "دفتر برائے عمر رسیدگی اور طویل مدتی نگہداشت اس بات کو یقینی بنانے میں ایک اہم کردار ادا کرے گا کہ نیویارک میں نگہداشت صحت کا ایک ایسا نظام ہو گا جو ریاست میں بزرگ رہائشیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کی ضروریات کو پورا کرتا ہو۔ یہ ریاست کے پہلے ماسٹر پلان برائے عمر رسیدگی کی تشکیل میں وسیع پیمانے پر جامع کوشش کی قیادت کرنے میں مدد دے گا، جو طویل مدتی نگہداشت کی اصلاحات کرنے میں نگہداشتِ صحت اور صحت عامہ کے اقدامات کو شامل کرے گا۔"

**نیویارک میں عمر رسیدہ افراد کی ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Rebecca Preve نے کہا،** "نیویارک میں عمر رسیدہ افراد کی ایسوسی ایشن بہت پُرجوش ہے کہ گورنر Hochul، ریاست نیویارک کا دفتر برائے عمر رسیدگی، اور ریاست نیویارک کا محکمہ صحت مل کر ایک جامع ماسٹر پلان برائے عمر رسیدگی تشکیل دینے کے

لیے کام کر رہے ہیں۔ ماسٹر پلان نیویارک میں پہلے سے کیے گئے ناقابل یقین موجودہ کام اور پیشرفت پر قائم ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ یہ بزرگ بالغان اور ہر عمر کے افراد کے سکونت پذیر ہونے کے لیے عمری موافق، جامع اور قابل رسائی جگہ ہے۔ یہ منصوبہ ان شہریوں، مفکر رہنماؤں، اور سرکاری و نجی شعبوں کے ماہرین کی جانب سے رائے حاصل کرنے کا ایک موقع فراہم کرتا ہے جو عمر بھر افراد کی خدمت کرتے ہیں، اور نیویارک کے عمر رسیدہ باشندوں کو اپنے رہائشی مقام پر ہی تمام عمر بسر کرنے میں معاونت دیتا ہے۔"

**ہیلتھ فاؤنڈیشن برائے مغربی و وسطی نیویارک کی صدر Nora OBrien-Suric نے کہا،** "گورنر Hochul کا آج کے انتظامی حکم کے لیے شکریہ جو ریاست نیویارک میں جامع ماسٹر پلان برائے عمر رسیدگی کے لیے ان کے عزم کو مستحکم کرتا ہے۔ یہ نیویارک کے بزرگ بالغان اور ان افراد کے لیے ایک تاریخی لمحہ ہے جو ریاست بھر میں صحت مند عمر رسیدگی کی قدر کرتے ہیں۔ ہیلتھ فاؤنڈیشن نے 2021 سے نیویارک کے لیے یہ اہم قدم اٹھانے کی حمایت کی ہے، جب ہم ریاست کی پہلی تنظیم تھے جس نے اس طرح کے منصوبے کا مطالبہ کیا۔ تب سے، ہمیں غیر منافع بخش تنظیموں اور وکلاء کے ایک خود مختار، متنوع اتحاد — ریاست نیویارک کا ماسٹر پلان برائے عمر رسیدگی اتحاد کی قیادت میں مدد دینے پر فخر ہے — جو بصیرت اور سفارشات فراہم کرنے میں تعاون کرتے ہیں جن سے یہ یقینی بنانے میں مدد مل سکتی ہے کہ ریاست کا منصوبہ جامع، جوابدہ، اور کمیونٹی پر توجہ مرکوز کرنے والا ہو۔ ہم منصوبے کے نفاذ کے ہر مرحلے پر، نیویارک کے بزرگ بالغان اور ان کی نگہداشت کرنے والے افراد کی ضروریات کو اوّلین ترجیح بنانے، اور یہ یقینی بنانے کے لیے گورنر Hochul اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ یہ منصوبہ صحت کی مساوات اور صحت مندانہ عمر رسیدگی کے اصولوں سے اخذ کردہ ایک شفاف اور قابل پیمائش عمل ہو۔ ان مسائل کی سمجھ رکھنے والے افراد کی آراء کو ترجیح دے کر، نیویارک فخر کے ساتھ ایک ایسے منصوبے پر عمل درآمد کروا سکتا ہے جو کسی بھی عمر کے افراد کی پُرسکون زندگی گزارنے کی صلاحیت پر نہایت ممکنہ طویل مدتی اثر رکھتا ہو۔"

**ریاست نیویارک کے ماسٹر پلان برائے عمر رسیدگی اتحاد کے کوآرڈینیٹر، Bob Blancato نے کہا،** "آج کے انتظامی حکم برائے ماسٹر پلان برائے عمر رسیدگی کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ یہ لمحہ مستقبل میں نیویارک کی رہنمائی کے لیے ایک پیچیدہ، مساویانہ، بین النسلی اور شفاف منصوبے کو فروغ دینے کے لیے سبک کار ہو سکتا ہے۔ انتظامی حکم ایک ماسٹر پلان برائے عمر رسیدگی کی تشکیل کے لیے ایک ٹھوس راستہ فراہم کرتا ہے جو ریاست کی موجودہ پالیسیوں جیسے کہ عمری موافق ریاست نیویارک اور تمام پالیسیز میں صحت اور عمر (Health and Age Across All Policies) پر قائم ہو گا، ان میں اضافہ اور بہتر ہم آہنگی کرے گا۔ ہم خاص طور پر گورنر کے اس اعتراف کو سراہتے ہیں کہ ایک قابل عمل منصوبے کے لیے اسٹیک ہولڈرز کی فعال شمولیت بہت ضروری ہے۔ ہم انتظامی حکم کے ذریعے تشکیل دی گئی اسٹیک ہولڈر مشاورتی کونسل کے ساتھ اپنے اتحاد کی مستحکم نمائندگی کے منتظر ہیں۔"

ماسٹر پلان برائے عمر رسیدگی مملکیت میں نیویارک کی پہلی عمری موافق ریاستی حیثیت پر قائم ہے، جیسا کہ AARP اور عالمی ادارۂ صحت نے 2017 میں تفویض کی تھی۔ اس اسٹیٹس کو عالمی ادارۂ صحت کے آٹھ حیاتی بسر کے شعبہ جات کی بنیاد پر تفویض کیا گیا ہے: بیرون خانہ مقامات و عمارات؛ آمدورفت؛ ہاؤسنگ؛ سماجی شرکت؛ احترام اور سماجی اشتمال؛ کام اور شہری شمولیت؛ ابلاغ و معلومات؛ کمیونٹی و صحت کی خدمات۔

امریکہ میں بزرگ بالغان کی چوتھی بڑی آبادی نیویارک میں موجود ہے، جو کہ نیویارک کے 3.2 ملین -آبادی کے کم و بیش 16 فیصد -65 سال سے زائد عمر باشندوں پر مشتمل ہے۔ نیویارک کی 60 سال سے زائد عمر کی آبادی کے 2030 تک 5.3 ملین تک بڑھنے کی توقع کی جاتی ہے جس میں اسّی سال سے زائد عمر کے افراد کی آبادی 1.2 ملین سے بڑھ جانے کی توقع ہے۔

ریاست نیویارک کی اندازاً 36 فیصد آبادی 50 سال یا اس سے زیادہ عمر کی حامل ہے۔ یہ آبادی ریاست کی مجموعی گھریلو پیداوار میں -43 فیصد -یعنی تقریباً 719$ بلین حصہ ڈالتی ہے، اجرتوں اور تنخواہ میں 482$ بلین تخلیق کرتی ہے اور ریاستی اور مقامی ٹیکسوں میں 72$ بلین تک حصہ ڈالتی ہے۔

60 سال سے زائد عمر کے بالغان بھی 13.8$ بلین کی معاشی قدر پر سالانہ 495 ملین گھنٹے سے زیادہ کمیونٹی سروس انجام دیتے ہیں۔ اس عمری گروپ کے تقریباً 66 فیصد کے پاس اپنے گھر بھی ہیں اور ان پر کوئی رہن نہیں ہے۔

گورنر نے مزید عمری موافق نیویارک کی تعمیر کے اقدامات کو آگے بڑھانا جاری رکھا ہے، جس میں بزرگ بالغان کے لیے ہاؤسنگ تعمیرات کے لیے 300$ ملین شامل ہیں، جو کہ پانچ سالہ 25$ بلین کے جامع ہاؤسنگ منصوبے کا حصہ ہے جو ریاست بھر میں 100,000$ یونٹس کی سستی ہاؤسنگ بنائے گا اور اسے محفوظ کرے گا۔ اس سال کے ریاستی بجٹ میں نگہداشتِ صحت کے بنیادی ڈھانچے میں 10$ بلین کی سرمایہ کاری بھی شامل ہے تاکہ کمیونٹی پر مبنی اختیارات کی دستیابی کو بڑھایا جا سکے جو بزرگ بالغوں کو اپنے رہائشی مقام پر تمام عمر بسر کرنے کی اجازت دیتی ہے۔

مالی سال 2023 کا ریاستی بجٹ بھی 181.5$ ملین فراہم کرتا ہے، اس کے ساتھ وقف شدہ وفاقی فنڈ کی مد میں 114.9$ ملین بھی شامل ہیں، ایسے پروگرامز کے لیے جو دفتر برائے عمر رسیدگی کے پروگرامز اور معاونتوں کے ذریعے نیویارک کے بزرگ بالغان اور ان کے نگہداشت فراہم کنندگان کی خود مختاری کے لیے معاونت دیتے ہیں، اس میں ایسی نئی اور توسیع شدہ اختراعات شامل ہیں جو ٹیکنالوجی کی مدد سے سماجی علیحدگی سے نمٹتی ہیں۔

بجٹ کے حصے کے طور پر، گورنر Hochul اور ریاست نیویارک کی مجلسِ قانون ساز نے Medicaid اور Medicare سیونگز پروگرام کے لیے [بزرگوں کی اہلیت] میں اضافہ کیا ہے۔ نیویارک کے 65 سال اور اس سے زائد عمر کے باشندوں کے لیے، آمدنی کی حد وفاقی غربت کی سطح کے 138 فیصد تک بڑھ جائے گی۔ یہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ نیویارک کے زیادہ سے زیادہ عوام کی صحت کے قابلِ اعتماد، سستے بیمے تک رسائی ہو۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418